© rasailojaraid.com



# ادبیات

## نغمۂ توحید

از جناب ماہر القادری صاحب

دعائے شام وسحر لا الہ الا اللہ / یہی ہے زادِ سفر لا الہ الا اللہ
سکونِ قلب وجگر لا الہ الا اللہ / کمالِ فکر ونظر لا الہ الا اللہ
نہ کہکشاں نہ قمر لا الہ الا اللہ / نہ کچھ اِدھر نہ اُدھر لا الہ الا اللہ
تمام ملتیں باطل ہیں صرف اک اسلام / یہی ہے راہگذر لا الہ الا اللہ
اسی میں دولتِ دنیا یہی ہے دولتِ دیں / متاعِ اہلِ خبر لا الہ الا اللہ
ملا رہا ہوں نگاہیں میں کجکلاہوں سے / نہ خوف ہے نہ خطر لا الہ الا اللہ

بتوں کو توڑ تخیل کے ہوں کہ پتھر کے
ذرا بھی دیر نہ کر لا الہ الا اللہ

---

## دیارِ حبیب

از جناب سید وزیر حسن صاحب عابدی، ایم، اے

میں جہاں رہ نورد ہوں اے دوست / نہ زمیں ہے نہ آسماں ہے وہاں
قطعِ منزل نمودِ منزل ہے / کارواں پیشِ کارواں ہے وہاں
اک جہاں ہے جہانِ لا محدود / اک فضا ہے کہ بیکراں ہے وہاں
خیرہ کن ہیں فضا کے نظارے / خیرگی دل کی رازداں ہے وہاں
محوِ حیرت نگاہ لب خاموش / خامشی حکمِ جاوداں ہے وہاں

© rasailojaraid.com